06/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **عارف حسین**

وزیر اعظم

چار ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں اسمبلی انتخابات کے لیے چناو

مہم تیز ہو گئی ہے۔ تمام سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کے لیے ریلیاں کر رہے ہیں۔

کے سینئر رہنما نریندر مودی آج آسام میں تین انتخابی ریلیوں سے خطاب BJP وزیر اعظم اور ضلع کے بھوانی پور ، Bajali کریں گے۔ وہ کل شام گوہاٹی پہنچے۔ وہ اپنی انتخابی مہم کا آغاز اور پھر ڈبروگڑھ میں جلسہ عام سے خطاب Hojai سوربھوگ سے کریں گے۔ اس کے بعد وہ کریں گے۔

ہردیپ سنگھ پوری

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ بھارت/ ایران سمیت 40 سے زیادہ ملکوں سے خام تیل درآمد کر رہا ہے اور ایران سے خام تیل خریدنے میں ادائیگی کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

انہوں نے اُن اطلاعات اور سوشل میڈیا دعووں کو مسترد کر دیا، جن میں یہ کہا گیا تھا کہ ادائیگی سے چین بھیج Vadinar کو بھارت میں Cargo کے مسئلے کی وجہ سے ایران کے خام تیل کے دیا گیا ہے۔

گیس

قدرتی گيس اور پيٹروليم کی مرکزی وزرات نے کہا ہے کہ وسطی ايشا بحران کے باجود ملک کے صارفين کو پيٹروليم کی دستيابی کے لئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہيں تاہم صارفين سے کہا گيا ہے کہ وه ايل پی جی سلينڈروں کی بکنگ کےلئے ڈيجيٹل طريقوں کا استعمال کريں اور جب تک ضروری نہ ہو ڈسٹری بيوٹرز کے پاس جانے سے گريز کريں۔

Authentication Code Delivery وزارت نے کہا ہے کہ کالا بازاری کو روکنے کے لئے ڈسٹری بيوشن LPGمتعارف کيا گيا ہے۔ وزارت نے مزيد کہا 5کلوگرام کے چهوٹے سلنڈر قريبی مراکزپر دستياب ہيں اور کسی بهی شناختی ثبوت کے بغير خريدے جا سکتے ہيں ۔

ڈاکٹر اعجاز ايوب

مغربی ايشيا ميں جاری کشيدگی کے نتيجے ميں دنيا کے بيشتر ممالک ميں توانائی کے مصنوعات کی کمی محسوس کی جا رہی ہے ۔ بهارت کے مختلف حصوں کے ساته ساته جموں کشمير ميں بهی اس بارے ميں لوگوں کا ِ رد عمل سامنے آيا ہے ۔

آکاشوانی نيوز سرينگر کے ساته بات کرتے ہوئے وادی کے ايک نامور ِ ماہر اقتصاديات ڈاکٹر اعجاز ايوب کا کہنا ہے کہ بهارت موثر انداز ميں اس صورتحال کا مقابلہ کرنے کی صلاحيت رکهتا ہے ۔

۔۔AIJAZ AYOUB ۔۔

سکينہ ايتو

جموں و کشمير ميں طبی سہوليات کو مزيد بہتر اور مستحکم بنانے کے لئے سرکار نے بون اينڈ جوائنٹ ہسپتال سرينگر کے لئے 64 نئی اساميوں کو منظوری دی ہے ۔ان اساميوں کی بدولت اسپتال کے نئے تعمير شده بلاک کومکمل طور فعال بنانے مينمدد ملے گی ۔

صحت وطبی تعليم کی وزير سکينہ ايتو نے کہا کہ بون اينڈ جوائنٹ اسپتال ميں 120بستروں پر مشتمل اضافی بلاک کو ترجيحی بنيادوں پر مکمل کر کے عمر عبد الله کی قيادت والی سرکارنے عوام کے لئے وقف کيا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ،مريضوں کے بڑتے ہوئے رش اور خصوصی طبی عملی کی ضرورت کو مد نظر رکهتے ہوئے وززارتی کونسل نے ان نئی اساميوں کو منطوری دی ہے ۔

ناظم تعليم کشمير

ناظم تعليم کشمير نصير احمد وانی نے محکمے کے افسران کی ايک ميٹنگ ميں وادی کے مختلف علاقوں ميں سکول عمارتوں اور ڈائريکٹوريٹ آفس ميں کانفرنس ہال کے تعمير پر جاری کام کی

پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے زیرِ تعمیر سکولوں میں بیت الخلاءبنانے کے علاوہ پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر 9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کا پیغام ۔

-----S.K Pathak-----

موسم

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ کل یعنی 7 سے 8 اپریل تک موسم ابر آلود رہنے کے ساتھ ساتھ درمیانہ درجے کی بارشیں جبکہ بالائی علاقوں میں برف باری ہونے کا امکان ہے ۔ یہ سلسلہ 7 اپریل بعد دوپہر سے 8 اپریل شام تک جاری رہ سکتا ہے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ کے بعض مقامات پر بھاری برقم پسیاں اور چٹانیں کھِسک آنے کی وجہ سے نیشنل ہائی وے پر گاڑیوں کی آمد رفت معطل کر دی گئی ہے ۔ کولگام سے ہمارے نمائندے نے ایس ایس پی ٹریفک کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ چندر کوٹ اور کرول برج کے نزدیک یہ پسیاں رات کے تین بجے گر آئینجس کے نتیجے میں شاہراہ بند ہو گئی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

* * * * * * * * * * * *